15اپریل2016ء

اسٹیٹ بینک نے سندھ مائکروفنانس بینک لمیٹڈ کو صوبہ سندھ میں آپریشنز کی اجازت دے دی

اسٹیٹ بینک نے سندھ مائکروفنانس بینک لمیٹڈ کو سندھ میں صوبائی سطح پر مائکروفنانس بینکاری سرگرمیوں کے آغاز کی اجازت دے دی ہے۔اس سے قبل اسٹیٹ بینک مائکرو فنانس بینک کو لائسنس جاری کر چکا ہے۔

سندھ مائکروفنانس بینک جو سندھ بینک لمیٹڈ کی کلی ملکیت میں ذیلی ادارہ ہے، اب ملک میں چلنے والا گیارہواں مائکروفنانس بینک بن چکا ہے۔ پاکستان میں ملکی سطح پر نو (9) مائکروفنانس بینک پہلے ہی کام کر رہے ہیں جبکہ ایک مائکروفنانس بینک صوبائی سطح پر کام کر رہا ہے۔

سندھ مائکروفنانس بینک لمیٹڈ کی سرگرمیاں شروع ہونے سے بحیثیت مجموعی مائکروفنانس شعبے میں باضابطہ مائکروفنانس بینکوں کا مارکیٹ شیئر نمایاں طور پر بڑھے گا۔اس کے نتیجے میں معاشرے کے پسماندہ اور بینک خدمات سے محروم طبقوں کو مائکروفنانس اور متعلقہ مالی خدمات کی فراہمی میں اضافہ ہوگا۔توقع ہے کہ سندھ مائیکروفنانس بینک غربت کے خاتمے میں اپنا کردار ادا کرے گا، جیسا کہ مائکروفنانس انسٹی ٹیوشن آرڈیننس 2001ء میں تفویض کیا گیا ہے۔

***